© rasailojaraid.com

# کتاب : اسلام میں سائنس اور تہذیب

مصنف : ڈاکٹر سید حسین نصر

ناشر : ہمدرد فاؤنڈیشن ، پاکستان ، ناظم آباد کراچی ،
پوسٹ کوڈ : ۷۴۶۰۰

قیمت : ایک سو روپے

اسلامی سائنس اور تہذیب کی میراث کو اب تک مستشرقین اپنے انداز سے پیش کرتے رہے ہیں ، ایک مسلمان مصنف کی یہ پہلی کتاب ہے جس میں بڑے مدلل اور بیباک انداز سے مسلم سائنس دانوں، اطبا، علماء ، متصوفین اور فلسفیوں کی تحریروں اور اکتشافات کے مغرب پر دور رس اثرات کو ایسی جرأت مندی اور محققانہ حوالوں سے پیش کیا گیا ہے کہ ہر مسلمان قاری کا سر بجا طور پر فخر سے بلند ہو جاتا ہے اور غیر مسلم بھی ان کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوں گے۔

اسلامی تاریخ فلسفہ کے میدان میں ڈاکٹر سید حسین نصر بین الاقوامی شہرت کے مالک ہیں ۔ اپنی اس عالمانہ تصنیف میں ڈاکٹر صاحب نے تعلیم، علم کائنات ، جغرافیہ اور تاریخ ، طبیعات ، ریاضی ، ہیئت ، طب ، علوم انسانی ، قدیم علم الکیمیا ، اسلامی کیمیا، فلسفہ و کلام اور تصوف کے موضوعات پر تاریخ اسلام کی ۱۹ عبقری شخصیتوں کے حوالے سے اسلام میں سائنس اور تہذیب کے ارتقا کا ایک فکر انگیز اور دل چسپ جائزہ پیش کیا ہے۔ اس کتاب کی ایک خاص خوبی یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے تمام کلاسیکل کتب کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اقتباسات پیش کئے ھیں اور مسلمان عبقریوں کے افکار اور اکتشافات کے دنیا پر مرتب ھونے والے اثرات پر روشنی ڈالی ہے۔

ھمدرد کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ اس نے ڈاکٹر صاحب کی عالمانہ اور محققانہ کتاب کا معیاری اردو ترجمہ ، سائنس کے مختلف شعبوں کے ماھرین سے کروا کر شائع کیا ہے۔ اس طرح اردو میں اسلامی سائنس کی تاریخ کے موضوع پر ایک نہایت معتبر کتاب کا اضافہ ھوا ہے۔

(مسعود احمد برکاتی )

© rasailojaraid.com